NYC Green Cart

گرین کارٹ (Green Cart) کیا ہے؟

گرین کارٹ غذائی اشیاء کی ایک موبائل گاڑی ہوتی ہے جوNYC کے مخصوص علاقوں میں تازہ اشیاء فراہم کرتی ہے۔گرین کارٹس صرف تازہ پھل اور سبزیاں ہی فروخت کر سکتی ہیں نیز صرف مقررہ علاقوں میں ہی چلائی جا سکتی ہیں۔ کوئی گرین کارٹ چلانے کے لئے آپ کو موبائل غذا فروشی کا ایک کارآمد لائسنس یا ایک گرین کارٹ پرمٹ درکار ہوگا۔

1. کوئی گرین کارٹCart کس قسم کی اشیاء فروخت کر سکتی ہے؟

گرین کارٹ صرف کچے پھل اور سبزیاں جیسے سالم گاجر، کیلے، سیب اور بیریاں ہی فروخت کر سکتی ہے۔ یخ یا حفظانی ہوئیں (پروسیسڈ) اشیاء ممنوع ہیں۔ فوڈ سیفٹی وجوہات کی بناء پر، گرین کارٹ چلانے والے افراد کٹی حالت میں، ٹکڑوں کی صورت میں، یا چھلکے اتری حالت میں یا حفظانے ہوئے پھل یا سبزیاں فروخت نہیں کر سکتے۔ گرین کارٹ فروشان پھل



2. گرین کارٹ کو کہاں پر چلایا جا سکتا ہے؟

ہر گرین کارٹ پرمٹ کسی بھی ٹھیلے (کارٹ) کو NYC کے صرف ایک بورو (ضلع) میں کام کرنے کی اجازت دیتا ہے۔گرین کارٹس کو صرف مخصوص مقررہ علاقوں میں چلایا جا سکتا ہے۔ (نقشہ ملاحظہ کریں۔)

3. کتنے گرین کارٹ پرمٹس دستیاب ہیں؟

نیو یارک شہر نے 1000 گرین کارٹ پرمٹس دستیاب بنائے ہیں: 350 بروکلین کے لئے، 350 برونکس کے لئے، 150 مین ہٹن کے لئے، 100 کوئنز کے لئے، جبکہ 50 اسٹیٹن آئلینڈ کے لئے۔

4. گرین کارٹ چلانے کے لئے مجھے کیا کرنا ہوگا؟

گرین کارٹ چلانے کے لئے آپ کو ایک لائسنس اور ایک پرمٹ دونوں ہی درکار ہوں گے۔ یہ لائسنس متعلقہ فرد کے لئے جبکہ پرمٹ متعلقہ ٹھیلے کے لئے ہوتا ہے۔یہ لائسنس بالکل اسی لائسنس کی مانند ہوتا ہے جو آپ کو کوئی موبائل فوڈ کارٹ چلانے کے لئے درکار ہوتا ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئی لائسنس نہیں، تو پرمٹ کی درخواست دے سکنے سے پہلے آپ کو ایک حاصل کرنا ہوگا۔

5. میں موبائل غذا فروشی کا لائسنس کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

- ☐ 311 پر کال کر کے "موبائل فوڈ وینڈر لائسنس ایپلیکیشن" طلب کریں۔
- ☐ آپ پر لازم ہے کہ پہلے آپ محکمۂ صحت میں موبائل وینڈرز کے لئے ہونے والے 2 روزہ فوڈ پروٹیکشن کورس میں شرکت کریں۔ آپ پر لازم ہے کہ مین ہٹن میں 42 براڈ وے، پانچویں منزل پر واقع شہر پیما مرکز لائسنس میں بہ نفس نفیس تشریف لاکر رجسٹر کروائیں۔ اس کورس کی فیس $53.00 ہے۔
- ☐ ریاست نیو یارک کے ڈپارٹمنٹ آف ٹیکسیشن اینڈ فنانس سے سیلز ٹیکس جمع کرنے کے لئے ایک سند اختیار بھی حاصل کر لیں۔
- ☐ آپ کے مذکورہ کورس مکمل کرنے اور اپنا ٹیکس سرٹیفیکیٹ حاصل کر لینے کے بعد، مرکز لائسنس میں بہ نفس نفیس ایک لائسنس کی درخواست دیں۔

میں گرین کارٹ پرمٹ کے لئے کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

آپ کو لائسنس ملتے ہی، اگلا مرحلہ گرین کارٹ پرمٹ کی فہرست انتظار میں شامل ہونے کی درخواست دینا ہے۔موبائل غذا فروشی کے مجاز لائسنس کے حامل تمام افراد کو ان فہرست ہائے انتظار میں شامل ہونے کی درخواست دینے کی دعوت دی جاتی ہے (اگر آپ کے پاس کوئی لائسنس نہیں تو سوال 5 کو ملاحظہ کریں)۔ اگر آپ کے پاس کوئی کارآمد لائسنس ہے اور پہلے ہی موبائل غذا فروشی کی کسی فہرست انتظار میں شامل ہیں اس کے باوجود آپ درخواست دے سکتے ہیں اور آپ کو ترجیح حاصل رہے گی (تفصیلات کے لئے سوال 9 کو ملاحظہ کریں)۔

6. گرین کارٹ کی فہرست ہائے انتظار میں شامل ہونے کے لئے میں درخواست کس طرح سے حاصل کرسکتا ہوں؟

گرین کارٹ کی فہرست انتظار کی درخواست حاصل کرنے کے تین طریقے موجود ہیں:

- ☐ شہر پیما مرکز لائسنس (مین ہٹن میں 42 براڈ وے، پانچویں منزل) پر تشریف لے جائیں
- ☐ 311 پر کال کر کے "Green Cart کی فہرست انتظار کی درخواست" طلب کریں۔
- ☐ nyc.gov/greencarts پر جائیں نیز "درخواست دینے کے طریقے کی بابت معلومات" پر جائیں

7. فہرست انتظار کی درخواست بذریعہ ڈاک بھجوانے کی آخری تاریخ کون سی ہے؟

آپ کی درخواست پر گرین کارٹ درخواست میں مذکورہ آخری تاریخ سے پہلے کی ڈاک مہر لگی ہونی چاہئے۔ آپ صرف بذریعۂ ڈاک درخواست دے سکتے ہیں۔

8. میرے بذریعۂ ڈاک فہرست انتظار کی درخواست بھجوانے کے بعد کیا ہوگا؟

متعلقہ محکمۂ صحت ترجیحی گروپس *(سوال 9 کو ملاحظہ کریں)* اور ایک قرعہ اندازی کے نظام کی بنیاد پر ہر بورو (ضلع) کے درخواست دہندگان کی ایک فہرست انتظار ترتیب دے گا۔ مذکورہ محکمۂ صحت آپ کو اپنے فہرست انتظار کے نمبر(ون) والا ایک پوسٹ کارڈ بذریعۂ ڈاک بھجوائے گا نیز متعلقہ بورو (ضلع) کی کسی فہرست انتظار سے آپ کے منتخب ہو جانے پر ایک درخواست پرمٹ ارسال کرے گا۔

9. مجھے گرین کارٹ پرمٹ ملنے کا کتنا امکان ہے؟

اس کا دارومدار درخواست دہندگان کی تعداد پر ہے۔ فہرست انتظار میں جگہ ملنے کی ترجیح کی بنیاد پوائنٹ سسٹم پر رکھی جاتی ہے۔ ایسے درخواست دہندگان کو مزید پوائنٹس دیئے جاتے ہیں جو پہلے سے ہی دیگر محکمۂ صحت کے موبائل فوڈ پرمٹ کی فہرست انتظار میں شامل ہوں، متحدہ امریکہ کے معذور جنگی سپاہی ہوں، معذور افراد ہوں اور متحدہ امریکہ کے غیر معذور فوجی ہوں۔ ہر ترجیحی گروپ میں کی درخواستوں کے لئے بلا ترتیب فہرست انتظار پر ایک نمبر معین کیا جاتا ہے۔ آپ کو مذکورہ پرمٹ کے لئے درخواست دینے کی اطلاع دیئے جانے کے وقت اگر آپ اپنے ترجیحی گروپ کا ثبوت دکھانے سے سے قاصر ہیں، تو آپ نے جتنے بھی بوروز (اضلاع) کے لئے نشان لگائے ہیں ان سب کے لئے آپ کی فہرست انتظار کی درخواست مسترد ہوجائے گی اور آپ کو نئے سرے سے درخواست دینی ہوگی۔

10. اگر میں گرین کارٹ کی فہرست انتظار کے لئے درخواست دیتا ہوں، تو کیا آپ دیگر موبائل غذا فروشی کے پرمٹ کی فہرست انتظار میں سے میرا نام نکال دیں گے؟
نہیں۔ گرین کارٹ پرمٹ کی فہرست انتظار علیحدہ ہوتی ہے۔ گرین کارٹ پرمٹ کی فہرست انتظار میں شمولیت کے لئے درخواست جمع کروانے سے کسی دیگر موبائل غذا فروشی کے پرمٹ کی فہرست انتظار پر آپ کی حیثیت یا مقام پر اثر نہیں پڑے گا۔

11. میں دیکھ رہا ہوں کہ بعض بورو کے پاس دیگر کے مقابلے میں زیادہ تعداد میں گرین کارٹ پرمٹس ہیں۔ اگر میں ایک سے زیادہ بورو کا انتخاب کرتا ہوں تو کیا میرے امکانات نسبتاً زیادہ ہوں گے؟
کسی پرمٹ کے لئے آپ کے منتخب کئے جانے کے امکان کا دارومدار بھی اس میں موجود درخواست دہندگان کی تعداد پر ہوتا ہے، اور اس پر کہ آپ کا ترجیحی گروپ کون سا ہے (سوال 9 ملاحظہ کریں)۔ ان تمام بوروز کو درج کریں جن میں آپ گرین کارٹ چلانے کے خواہشمند ہیں۔ اگر آپ صرف ایک ہی بورو میں چلانے کے خواہشمند ہیں تو، آپ کو صرف ایک ہی درج کرنا چاہیے۔

12. اگر میرے پاس پہلے ہی کوئی موبائل غذا فروشی کا پرمٹ ہے، تو کیا میں کوئی گرین کارٹ پرمٹ بھی حاصل کر سکتا ہوں؟
بیک وقت آپ صرف کسی ایک پرمٹ کے حامل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کسی گرین کارٹ پرمٹ کی درخواست دیتے ہیں اور اس کے لئے منتخب بھی ہوجاتے ہیں جبکہ آپ اس گرین کارٹ پرمٹ کو قبول کر لیتے ہیں، تو آپ کو اپنے پاس پہلے سے موجود کسی دوسرے موبائل غذا فروشی کے پرمٹ سے دستبردار ہونا پڑے گا۔

ایک گرین کارٹ پر کتنی لاگت آتی ہے؟

13. درخواست دینے کے لئے کتنی رقم دینی پڑتی ہے؟

- ابتدائی اخراجات: کسی گرین کارٹ پرمٹ کی درخواست دینے کے لئے، آپ کو موبائل غذا فروشی کا ایک کارآمد لائسنس درکار ہوگا۔ اگر آپ کے پاس پہلے سے کوئی لائسنس موجود نہیں، تو آپ کو موبائل وینڈرز کے فوڈ پروٹیکشن کورس کی مد میں $53 جبکہ مذکورہ لائسنس کے لئے $50 کی رقم ادا کرنی ہوگی، جو دو سال کے لئے کارآمد ہوگا۔ اگر آپ کو کسی پرمٹ کی پیشکش ہوتی ہے، تو اس پرمٹ کی قیمت $75 ہوگی جبکہ یہ دو سال کے لئے کارآمد ہوگا۔
- تجدیدی اخراجات: ہر دو سال کی مدت کے لئے اپنے لائسنس کی تجدید کے لئے آپ کو $50، نیز ٹیکس تصفیہ کے لئے $10 بطور فیس ادا کرنے ہوں گے۔ ہر دو سال کی مدت کے لئے اپنے پرمٹ کی تجدید کے لئے آپ کو $50 ادا کرنے ہوں گے۔
- تمام فیسیں لازماً بذریعہ چیک یا منی آرڈر شہر پیما مرکز لائسنس پر ادا کی جانی چاہئیں۔ مذکورہ لائسنس اور پرمٹ کی فیس ریاست نیو یارک کے پی ڈلرز سرٹیفیکیٹ کے حامل متحدہ امریکہ کے فوجیوں یا اس سرٹیفیکیٹ کی حامل کے / کی پسماندہ شریک(ہ) حیات یا گھریلو ساتھیوں پر معاف ہیں۔

14. بذات خود اس کارٹ کی بابت کیا ہوگا؟
آپ کو اپنی کارٹ تھیلہ اور اشیاء خود سے خریدنی ہوں گی۔ آپ کارٹ مینوفیکچررز کی ایک منظور شدہ فہرست کو **nyc.gov/greencarts** پر "گرین کارٹ وینڈرز کے لئے دستیاب وسائل" کے تحت ملاحظہ کرسکیں گے۔ اس سے پہلے کہ آپ اپنی کارٹ چلانی ضروری ہے کہ متعلقہ محکمۂ صحت اس کا معائنہ کر کے اس کی منظوری دے۔ آپ کی کارٹ کے معائنے کے مراحل کو بخوبی طے کر لینے پر، مذکورہ محکمۂ صحت آپ کو گرین کارٹ کی ایک چھتری فراہم کرے گا۔

مزید معلومات کے لئے، 311 پر کال کر کے "Green Carts" کے بارے میں پوچھیں یا nyc.gov/greencarts پر جائیں
دیگر دستیاب زبانیں: Arabic (عربی)، Bengali (বাংলা)، Chinese (中文)، Spanish (Español) اور Urdu (اردو)